نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یوایس ایڈ کی جانب سے زلزلہ سے محفوظ تعمیر کے متعلق تربیت میں غیر سرکاری تنظیموں کی شرکت

اسلام آباد (12 ِ اپریل 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) مختلف مقامی اور بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیموں سے تعلق رکھنے والے انجینئروں، پراجیکٹ مینیجرز اور معماروں کو زلزلہ سے محفوظ عمارتیں بنانے کی تربیت دے رہا ہے جو بعد ازاں متاثرہ علاقوں میں لوگوں کو تعمیر نو کے طریقوں کے متعلق سکھائیں گے۔ غیر سرکاری تنظیموں کے ذریعہ یوایس ایڈ اس جدید ترین منصوبہ پر عمل پیرا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ متاثرہ افراد بہترین مہارت اور تربیت سے استفادہ کر سکیں۔

یوایس ایڈ کی اشتراک کار تنظیم GOAL ایک دوسری غیر سرکاری تنظیم مرسی کور (Mercy Corps) کے تعاون سے پانچ روزہ تربیتی نشستیں منعقد کر رہی ہے۔ 9 غیر سرکاری تنظیموں نے مظفر آباد میں حال ہی میں منعقد ہونے والی ایک تربیتی نشست میں اپنے 37 نمائندے بھیجے۔ ان غیر سرکاری تنظیموں میں پریمئر ارجنس Premiere Urgence، ریڈ آر RedR، انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آبزرور، انٹرنیشنل کمیٹی آف دی ریڈ کراس اور آکسفیم شامل ہیں۔

پریمئر ارجنس کے ایک ایسوسی ایٹ انجینئر نثار احمد میر کہتے ہیں کہ انہیں اس تربیتی نشست کے دوران زلزلہ سے محفوظ تعمیر کے متعلق اتنی زیادہ معلومات میسر آئیں جتنی انہوں نے انجینئرنگ کی تعلیم کے دوران بھی نہیں سیکھی تھیں۔ انہیں لکڑی، اینٹوں، پتھر، پلستر کے متعلق بتایا گیا اور یہ کہ ڈھانچوں کی ناکامی، ان میں خامیوں اور انہیں دُور کرنے کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اب اُن کی تنظیم ضلع مظفر آباد کی دو یونین کونسلوں میں اپنی تربیتی نشستیں منعقد کرنا چاہتی ہے۔

سیمینار میں تربیتی پروگرام بھی ان پروگراموں کی طرح ہیں جو معماروں اور ٹھیکیداروں کے لئے منعقد کئے گئے تھے۔ دوران تربیت عملی شرکت پر خاص طور پر زور دیا جاتا ہے اور زمین کے انتخاب، لکڑی سے تعمیر کی ترکیبوں اور مستری اور کنکریٹ سے تعمیر کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔

انٹرفیتھ لیگ اگینسٹ پاورٹی کے پراجیکٹ منیجر جہانزیب سنگھا کہتے ہیں کہ یہ ایک جامع تربیت ہے اور تربیتی نشست میں اسباق پڑھانے کے بجائے عملی مشق کا طریقہ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس تربیتی نشست سے انہیں بالاکوٹ کی یونین کونسلوں میں تعمیر نو کے منصوبے شروع کرنے میں مدد ملی جہاں ان کی تنظیم کام کر رہی ہے۔

8 ِ اکتوبر کے زلزلہ سے پیشتر بہت کم لوگوں کو یہ معلوم تھا کہ ان کے گھر غیر محفوظ مقامات پر تعمیر کئے گئے ہیں اور یہ کہ اکثر عمارتوں کی دیواروں اور چھتوں کو مضبوطی سے سہارا نہیں دیا گیا ہے۔ زلزلہ سے محفوظ عمارتوں کی تعمیر کی تیکنیک سے عدم واقفیت کے باعث بڑی تعداد میں جانی نقصان ہوا کیونکہ بیشتر عمارتیں مکینوں پر زمین بوس ہو گئیں۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3